**Total no of Pages:4**

# Marking Scheme

## Class: VII

## Mid Term Examination-2025-26

## Subject: Urdu

## Set: B

نوٹ:تمام سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے-ہر سوال کے سامنے ان کے نمبر درج ہیں۔

جوابات:

سوال نمبرا:ذیل میں معروضی سوالات دیے گیے ہیں صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے؟

ا-مسافر کی پریشانی سن کر اس شخص نے کیا کیا؟-۲

B-گھر سے کھانا لا کر اس کو کھلایا

۲-اس شخص نے غریب مسافر کی کیا مدد کی ؟-۲

A-اس نے کھانا کھلایا اور کچھ رقم دے کر مدد کی

۳-مسافر کی مدد کرنے والا بزرگ کون تھا؟-۲

B- خلیفہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ تھے

۴-مسافر کیوں خوش ہوا ؟-۲

A- عمدہ کھانا کھا کر اور ضرورت کی رقم ملنے کے بعد خوش ہوا

۵-تاج محل کس نے بنوایا ؟-۲

B- مغل بادشاہ شاہ جہاں نے بنوایا

۶-تاج محل کو عالمی سطح پر پہلا مقام کب حاصل ہوا ؟-۲

C -7جولائی 2007 کو

۷-کون سا شہر دنیا میں محبت کی نشانی تاج محل کے لیے مشہور ہے ؟-۲

A- آگرہ

۸- مقبرہ، لفظ کا کیا معنی ہے ؟-۲

B- قبر پر بنی ہوئی عمارت

۹۔ بسنت کس موسم کے بعد آتا ہے ؟-۲

A- جاڑے کے بعد آتا ہے

۱۰- پریم کا بوٹا ہرا کرنے کا کیا مطلب ہے ؟-۲

A-پیار محبت اور آپس میں میل جول کو بڑھاوا دینا

سوال نمبر۲ :ذیل میں سے کسی ایک پر آدھ صفحہ کا مضمون لکھیں ؟ ۵

(I)میرا اسکول:

۔۔۔۔ ہمیں اس اسکول سے محبت کرنی چاہیے جس میں ہماری ذہنی نشونما اور کردار کی تعمیر ہوتی ہے ۔اسکول میں ہی ہم نظم و ضبط، دلیری اوراخلاق کا سبق حاصل کرتے ہیں اور یہی تربیت حقیقت میں ہماری شخصیت کی تعمیر کرتی ہے ۔ میں اپنے اسکول کو اس لیے پسند کرتا ہوں کہ وہ دلی کا سب سے بہتر اسکول ہے اس کی عمارت دو منزلہ ہے چاروں طرف بہت خوبصورت پارک اور کھیلنے کا میدان ہے اسکول ایسی جگہ واقع ہے جہاں بسوں موٹروں اور دوسری گاڑیوں کا شور نہیں ہوتا۔ جب بھی بورڈ کے امتحان ہوتے ہیں تو میرے اسکول کا نتیجہ ہمیشہ عمدہ رہتا ہے ۔اور اکثر ہمارے اسکول کے طلباء امتحان میں فرسٹ کلاس سے پاس ہوتے ہیں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے طالب علموں کو تمغہ دیا جاتا ہے ۔اس اسکول میں داخلہ آسانی سے نہیں ہوتا بلکہ داخلہ کے لیے ایک مقابلے کا امتحان ہوتا ہے ۔اور خالی جگہوں کی تعداد کے مطابق سب سے زیادہ نمبر لینے والے طلبہ کو داخلہ ملتا ہے ۔

---

( ii) کمپیوٹر:

کمپیوٹر انسانی دماغ سے متعلق وہ مشین ہے جو حساب کتاب کے کاموں میں چھوٹی سے چھوٹی اور مشکل سے مشکل گتھیوں کو آسانی سے سلجھا دیتی ہے انسان سے حساب کرنے میں غلطی ہو سکتی ہے لیکن کمپیوٹر سے ایسا تبھی ممکن ہے جب اس مشین میں کوی خرابی ہو ۔ یا اس کو چلانے والا کوئی غلطی کرے، کمپیوٹر کو چار ہزار سال پہلے بنایا گیا تھا بچوں کو گنتی اور پہاڑا اس سے سکھائے جاتے تھے اباکس کو کمپیوٹر کا موجد کہا جاتا ہے ۔ فرانس کے حساب داں بل بیں پاسکل نے سب سے پہلے اس کی ڈیزائننگ کی تھی ۱۸۷۱ء میں برٹش حساب داں چارلس بے بیک نے آسان بنانے کے لیے ایک مکمل آلہ تیار کیا۔اصل پیچیدہ کمپیوٹر کے بنانے کا سہرا امریکہ کے ہاورڈ ایکن کے سر ہے کمپیوٹر کے سلسلے میں روزانہ نئی نئی اصلاحات ہو رہی ہیں ۔

یہ انسان کا صحیح فرما بردار خادم ہے اس کے پانچ حصے ہیں میموری یونٹ، کنٹرول یونٹ، حساب کتاب کی یونٹ، اور آوٹ پٹ یونٹ ۔

تقسیم وغیرہ کے چھوٹے سے چھوٹے اور مشکل سے مشکل کاموں کے لیے کاروباری لوگ اسی کا استعمال کر رہے ہیں ۔ صنعتی مراکز میں اس کا استعمال ہو رہا ہے ۔ہوای جہاز کمپیوٹر سے اڑائے جا رہے ہیں ۔ ریڈیو ، ٹیلی ویژن ، غرض لاکھوں کاموں میں اس کا استعمال ہو رہا ہے کاشتکاری، چھپای، کپڑوں کے ڈیزائنگ بھی اسی سے ہو رہی ہے مستقبل میں گھر کے ملازم کا کام بھی اسی کے ذریعے ہوگا۔

سوال نمبر۳: دو دنوں کی چھٹی، کے لیے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے؟۵

۔۔۔۔۔ بخدمت جناب پرنسپل صاحب

دہلی پبلک اسکول متھورا روڈ دلی ،۳

جناب عالی!

عرض گزارش یہ ہے کہ میرے بڑے بھائی کی شادی ہے اور بارات لکھنو جائے گی۔ اس لئے حضور والا سے درخواست کرتا ہوں کہ رخصت چار یوم 1 (اگست سے 4، اگست 2025 ء )تک مرحمت فرمائی جائے۔ جناب کی عین نوازش ہوگی۔ شکریا

آپ کا طالب علم

محمد قیوم

جماعت / کلاس:

سیکشن / رول نمبر۔

تاریخ :۳۰-جولای ۲۰۲۳ء

سوال نمبر۴: نیچے لکھے ہوے لفظوں کے Opposite Word متضاد لکھیے ؟ ۵

ا۔ خوب صورت----- بد صورت

۲۔ مصیبت------ راحت

۳ ۔ طویل------- قلیل

۴۔ خاص------- عام

۵۔ بہتر-------- بدتر

سوال نمبر۵: نیچے دی ہوی خالی جگھوں Fill in the blanks کو بھریے :۵

انھوں نے اپنی ------ رعایا -------- کا بہت عمدہ انتظام کیا۔

چاند بی بی ---- شوہر ------ کے کاموں میں بھی ----- ان کا ہاتھ بٹانے لگی ۔

اس نے کنویں ----- کھدوائے ------- تالاب، سڑکیں اور عمارتیں ---- بنوایں ۔

--- آپسی ---------- جھگڑے کی وجہ سے سلطنت ----- کمزور --- ہو چکی تھی ۔

وہ --- مرگی ء------ لیکن اس کا نام آج بھی ------ زندہ ------------ ہے ۔

سوال نمبر٦: سوالوں Question/Answers کا صیح جواب لکھیے ؟۱۰

ا۔ تاج محل کے بارے میں رابندرناتھ ٹیگور نے کیا بات کہی تھی ؟

تاج محل کے بارے میں رابندرا ناتھ ٹیگور نے کہا تھا کہ تاج محل محبت کی آنکھ سے ٹپکا ہوا وہ موتی ہے جو وقت کے رخسار پر جم گیا ہے ۔

۲ ۔ چاند بی بی کہاں پیدا ہوئیں ؟

احمد نگر میں ۔

۳ ۔ طوطے نے سوداگر کے ذریعے اپنی قوم کو کیا پیغام پہنچایا؟

طوطے نے سوداگر کے ذریعے اپنی قوم کو سلام وپیام بھجوایا، اور کہا کہ میں اس پنجرے میں پریشانی کی زندگی گزار رہا ہوں ۔ مجھے اس قید سے آزاد کرنے کی کوی صورت بتاوورنہ میں یہں گھٹ گھٹ کر اپنی جان دے دونگا۔

۴ ۔ چھوٹی سی عمر میں چاند بی بی نے کیا کیا سیکھا ؟

کی زبانیں، تیراندازی، اور گھڑسواری میں مہارت حاصل کرلی، ان کو تصویریں بنانے اور شیکار کھیلنے کا بھی شوق تھا۔

۵ ۔ مسافر کو کس بات پر حیرانی ہوی ؟

عمدہ کھانا کھانے اور ضرورت کی رقم پانے کے بعد مسافر کو جب یہ معلوم ہواکہ اس کی مدد کرنے والے خود خلیفہ حضرت علی ہیں تو اسے بہت حیرانی ہوی ۔

سوال ۷ : نیچے دیے گیے لفظوں کو جملوںSentences میں استعمال کیجیے :۵

۱ ۔ مسافر= وہ دیکھو ایک مسافر جا رہا ہے ۔

۲ ۔ بزرگ = اس مسجد میں کیٔ بزرگ نماز پڑھنے آتے ہیں ۔

۳ ۔ شہر= دلی شہر بہت بڑا ہے ۔

۴ ۔بادشاہ= اکبر ایک مغل بادشاہ تھا۔

۵ ۔خدمت= ہم سب کو اپنے والدین کی خوب خدمت کرنی چاہیے ۔

سوال نمبر۸:الفاظ کے معنیWord Meaning لکھیے ؟۵

۱ ۔لطف ۔ مزا

۲ ۔طویل ۔ قلیل

۳ ۔ رخسار ۔ گال

۴ ۔ رنجیدہ ۔ اداس، غمگین

۵ ۔پیام ۔پیغام